No. of Printed Pages : 8 **BUDLA-135**

B.A. General (Urdu) CBCS

(BAG)

Term-End Examination

December, 2025

BUDLA-135 : Study of Modern Urdu Prose and Poetry

Time : Three Hours] *[Maximum Marks : 100*

نوٹ:۔ ہر حصہ کے سبھی سوالوں کے جواب لازمی ہیں۔ تمام سوالوں کے نمبر ان کے سامنے نمبر درج ہیں۔

(حصہ الف)

۱۔ مندرجہ ذیل اشعار کی تشریح سیاق و سباق کے ساتھ کیجئے۔ ۱۰

نگاہِ یار جسے آشنائے راز کرے

وہ اپنی خوبی قسمت پہ کیوں نہ ناز کرے

دلوں کو فکر دو عالم سے کردیا آزاد

ترے جنوں کا خدا سلسلہ دراز کرے

امیدوار ہیں ہر سمت عاشقوں کے گروہ

تری نگاہ کو اللہ دلنواز کرے

غم جہاں سے جسے ہو فراغ کی خواہش

وہ ان کے درد محبت سے ساز باز کرے

یا

آبادی بھی دیکھی ہے ویرانے بھی دیکھے ہیں

جو اجڑے اور پھر نہ بسے دل وہ نرالی بستی ہے

خود جو نہ ہونے کا ہو عدم کیا اسے ہونا کہتے ہیں

نیست نہ ہو تو ہست نہیں یہ ہستی کیا ہستی ہے

عجز گناہ کے دم تک ہیں عصمت کامل کے جلوے

پستی سے تو بلندی ہے راز بلندی پستی ہے

جان سی شئے بک جاتی ہے اک نظر کے بدلے میں

آگے مرضی گاہک کی ان داموں تو سستی ہے

۲۔ مندرجہ ذیل اقتباس کی تشریح سیاق و سباق کے ساتھ کیجیے۔ ۱۰

ایک نیک نبیؑ کو جس نے سیکڑوں برس اپنی قوم کے ہاتھ سے مصیبت اٹھائی اور

مار پیٹ سہی، تیرا ہی خوبصورت چہرہ تسلّی
دینے والا تھا، وہ پہلا ناخدا جبکہ طوفان کی
موجوں میں بہا جاتا تھا اور بجز مایوسی کے
اور کچھ نظر نہیں آتا تھا تو تو ہی اس
طوفان میں اس کی کشتی کھینے والی اور
اس کا بیڑا پار لگانے والی تھی تیرے ہی
نام سے جودی پہاڑ کی مبارک چوٹی کو
عزت ہے زیتوں کی ہر ٹہنی کو جو وفادار
کبوتر کی چونچ میں وصل کے پیغام کی
طرح پہونچی۔ جو کچھ برکت ہے، تیری
بدولت ہے۔

یا

"اس مصیبت کا علاج بہت سہل تھا، یعنی
مکان کی ازسر نو مرمت کردی جائے اور
تمام گھونسلے بند کردیے جائیں، لیکن
مرمّت بغیر اس کے ممکن نہ تھی کہ
معمار بلائے جائیں اور یہاں باہر کا کوئی
آدمی اندر قدم نہیں رکھ سکتا۔ یہاں
ہمارے آتے ہی پانی کے نل بگڑ گئے،
ایک معمولی مستری کا کام تھا لیکن جب
تک ایک انگریز فوجی انجینئر کمانڈ تک
آخر کا پروانۂ راہداری لے کر نہیں آیا،

ان کی مرمت نہ ہوسکی۔ چند دنوں تک تو
میں نے صبر کیا لیکن پھر برداشت نے
صاف صاف جواب دے دیا۔"

۳۔ ابوالکلام آزاد کے حالات زندگی پر ایک
نوٹ لکھیے۔ ۱۰

یا

منشی پریم چند کی زندگی کے کوائف بیان
کیجیے۔

(حصہ ب)

۴۔ فیض احمد فیضؔ کی شاعری کی خصوصیات
سے بحث کیجئے۔ ۱۵

یا

علی سردار جعفری کی شاعری پر ایک مضمون تحریر کیجیے۔

۵۔ سرسید کی مضمون نگاری پر اپنی معلومات قلم بند کیجیے۔ ۱۵

یا

رشید احمد صدیقی کے حالات زندگی اور ان کی ادبی خدمات پر روشنی ڈالیے۔

(حصہ ج)

۶۔ مجاز لکھنوی کے حالات زندگی کو بیان کرتے ہوئے ان کی نظم نگاری سے بحث کیجیے۔ ۲۰

یا

مولانا الطاف حسین حالؔی کے سوانح کوائف پر روشنی ڈالتے ہوئے ان کی خدمات کا جائزہ لیجیے۔

۷۔ اردو نثر کے ارتقا کو مفصل بیان کیجیے۔ ۲۰

یا

علامہ اقبال کے حالات زندگی کو قلم بند کرتے ہوئے ان کی شاعری پر اظہار خیال کیجیے۔

×××××××